## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی نماز جنازہ کل بروز جمعرات بعد نماز ظہر ہینڈن مسجد اسلامک سینٹر میں ادا کی جائے گی

لندن۔۔۔2،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ کل بروز جمعرات کو ادا کی جائے گی۔تفصیلات کے مطابق ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی نماز جنازہ کل بروز جمعرات بعد نماز ظہر ہینڈن مسجد اسلامک سینٹر بر ینٹ ویوروڈ NW9 7EZ میں ادا کی جائے گی۔نماز جنازہ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان،شہید کے لواحقین ،ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان،لندن کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران اور کارکنان علاوہ ایم کیوایم برمنگھم، بریڈفورڈ،کوونٹری، مانچسٹر،شیفیلڈ گلاسگو، نیوکاسل، پیٹرز برگ،اور نارتھ ہیمپٹن سے تعلق رکھنے والے ذمہ داران،کارکنان اور ہمدرد پاکستانی بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔

## کراچی میں بجلی کے بحران کے باعث صنعتوں،فیکٹریوں اور کارخانوں کی بندش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

## صنعتوں،فیکٹریوں اور کارخانوں کی بندش ملک کی صنعتی،کاروباری اور اقتصادی ترقی پر ضرب ہے

## شہر میں بجلی کے بحران کا فی الفور خاتمہ کیا جائے،بجلی کے بحران کے خاتمہ کیلئے عملی اور مثبت نوعیت کے اقدامات اب ناگزیر ہوگئے ہیں

کراچی۔۔۔2،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں جاری بجلی کے شدید بحران کے باعث صنعتوں،فیکٹریوں اور چھوٹے بڑے کارخانوں کی بندش پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور بجلی کے سنگین بحران کے سبب صنعتوں،فیکٹریوں اور کارخانوں کی بندش کو ملک کی صنعتی،کاروباری اور اقتصادی ترقی پر کاری ضرب قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں جاری بجلی کی طویل دورانیئے کی اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے سبب عوام اور کاروباری طبقے کی زندگیاں اجیرن ہوکر رہ گئی ہیں،صنعتوں،فیکٹریوں اور کارخانوں کی بندش کے عمل سے لاکھوں کی تعداد میں مزدور اور غریب عوام بے روزگار ہورہے ہیں اور بے روزگاری کی شرح میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے جولمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ شہر میں بجلی کے بحران کے باعث صنعتوں،فیکٹریوں اور کارخانوں کی بندش سے معاشی بحران بھی جنم لے رہا ہے اور عوام سمیت کاروباری طبقے کو ان مسائل سے چھٹکارا دلانے کیلئے حکومتی سطح پر عملی اور مثبت نوعیت کے اقدامات کرنا اب ناگزیر ہوگیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے شدید بحران کے باعث صنعتوں،فیکٹریوں اور کارخانوں کی بندش کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،بجلی کے بحران کا فی الفور خاتمہ کیا جائے اور اس سلسلے میں تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں

## ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس کے قائد الطاف حسین کی رہائشگاہ پر تمام مذاہب کے تہوار منائے جاتے ہیں،عبدالاحد

## ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے تحت نیوکراچی میں ہندو برادری کو مذہبی تہوار دیوالی کی خوشیوں میں شریک کرنے کیلئے امدادی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔2،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ اقلیتی امور کمیٹی کے زیر اہتمام ہندو برادری کے مذہبی تہوار ''دیوالی'' کے سلسلے میں نیوکراچی میں امدادی تقریب منعقد کی گئی جس میں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے غریب و مستحق افراد کو دیوالی کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے مالی رقوم تقسیم کی گئیں۔تقریب میں شہر کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہندو برادری کی مستحق خواتین،بزرگوں اور نوجوانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قبل ازیں ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد اور حق پرست اقلیتی رکن قومی اسمبلی منوہر لعل اور حق پرست اقلیتی رکن سندھ اسمبلی رشید خان نے مستحق خاندانوں میں مالی رقوم تقسیم کیں۔تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس کے قائد کے گھر پر تمام مذاہب کے تہوار منائے جاتے ہیں اور یہاں کسی کو بھی اجنبیت کا احساس نہیں ہوتا۔انہوں نے ہندو برادری سے اپیل کی کہ وہ دیوالی کے موقع پر اپنی عبادات میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی،درازی عمر کیلئے بھی خصوصی دعائیں کریں۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست رکن قومی اسمبلی منوہر لعل اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی رشید خان نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ نظام کے باعث اقلیتی برادریوں کے ساتھ انتہائی ظالمانہ سلوک روا رکھا جارہا ہے،ہمارے لوگوں کو صرف اس لئے ماردیا جاتا ہے کہ وہ ہندو یا کرسچن ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایسے پرآشوب اور ظالمانہ نظام میں قائد تحریک جناب الطاف حسین اقلیتوں کیلئے تحفظ کا احساس اور سائبان ہیں۔اس موقع پر امدادی پروگرام سے مستفید ہونے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے تحت شروع کئے گئے پروگرام پڑھو اور بڑھو کی شہر کے مختلف علاقوں میں کلاسیں خواتین کی کثیر تعداد میں شرکت، خواتین ٹیچرز نے خواتین کو لکھنے، پڑھنے کی تربیت کے ساتھ ڈینگی وائرس اور وبائی امراض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہ کیا

کراچی۔۔۔2،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام خواتین کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر شروع کئے گئے تعلیمی پروگرام ''پڑھو اور بڑھو'' کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں میں باقاعدہ کلاسیں منعقد کی جارہی ہیں جن میں خواتین کی کثیر تعداد شرکت کررہی ہے۔ پروگرام پڑھو اور بڑھو کے سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے تحت شہر کے مختلف علاقوں نارتھ کراچی، نیو کراچی، سرجانی ٹاؤن، رنچھوڑ لائن، برنس روڈ، لیاقت آباد، نارتھ ناظم آباد، ناظم آباد گلبہار، لانڈھی، پی آئی بی کالونی، فیڈرل بی ایریا، سوسائٹی، قصبہ علی گڑھ، کورنگی، ملیر، شاہ فیصل، گلستان جوہر، گلشن اقبال، پاک کالونی، بلدیہ ٹاؤن اور اورنگی ٹاؤن میں کلاسیں منعقد کی گئیں جن میں خواتین ٹیچرز محترمہ حنا حامد، محترمہ لبنیٰ حلیم، محترمہ شمونہ صدف، محترمہ روبینہ تاج، محترمہ عابدہ سلطانہ، محترمہ ثمینہ اکبر، محترمہ شہناز شبیر، محترمہ فوزیہ طاہر، محترمہ راحت النساء، محترمہ فرح ناز لودھی، محترمہ فرحت جہاں، محترمہ شاہانہ اشعر، محترمہ بشریٰ پروین، محترمہ رابعہ ماجد، محترمہ قمر سلطانہ، محترمہ کشور سلطانہ، محترمہ عظمیٰ یٰسین، محترمہ فائزہ ندیم، محترمہ زلیخا، محترمہ رخشندہ عظمت اور محترمہ عالیہ مقصود نے خواتین کی کلاسیں لیں اور خواتین کو لکھنے، پڑھنے کی تربیت دینے کے ساتھ ساتھ انہیں ڈینگی وائرس اور وبائی امراض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے آگاہی اور معلومات بھی فراہم کیں۔ پروگرام پڑھو اور بڑھو کے سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں میں شیڈول کے مطابق منعقد کی جانے والی کلاسوں میں خواتین کی دلچسپی اور شرکت وسعت اختیار کرتی جارہی ہے اس سے قبل پروگرام پڑھو اور بڑھو کے سلسلے کی کلاسیں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ہی منعقد کی جارہی تھی تاہم خواتین کی اس پروگرام میں شرکت کو دیکھتے ہوئے اس کا دائرہ کار علاقائی سطح تک بڑھا دیا گیا ہے۔

## دادو شہر کے 75 سے زائد سماجی کارکنان، ڈاکٹرز، انجینئرز، شعراء اور فنکاروں نے متحدہ سوشل فورم میں شمولیت کا اعلان کردیا

دادو۔۔۔2،نومبر 2010ء

دادو شہر کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے 75 سے زائد افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ سوشل فورم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے، شمولیت کرنے والوں میں سماجی کارکنان، ڈاکٹرز، انجینئر، شاعر اور فنکار بھی شامل ہیں۔اس سلسلے میں متحدہ سوشل فورم کے تحت دادو شہر کے مقامی ہال میں تقریب منعقد کی گئی جس میں متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ، جوائنٹ انچارج غازی صلاح الدین، ایم کیو ایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، ایم کیو ایم دادو زون کے انچارج و اراکین نے شرکت کی۔متحدہ سوشل فورم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سماجی کارکنان، ڈاکٹرز، انجینئر، شاعر اور فنکاروں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد ملک بھر کے 98 فیصد غریب و مظلوم عوام کے بنیادی حقوق اور تحفظ کیلئے ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس حق پرستانہ جدوجہد کا کاررواں نہ صرف ملک بھر میں پھیل چکا ہے بلکہ اب ملک بھر کے غریب و مظلوم اور محروم عوام سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد بھی جناب الطاف حسین کو ہی اپنا نجات دہندہ تصور کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کی منصفانہ اور عوامی نوعیت کی سیاست نے ملک پر مسلط جاگیردارانہ، وڈیرانہ سیاست میں ہلچل مچا دی ہے اور اب حق پرستی کا یہ سفر یقینی طور پر ایک پرامن انقلاب کی جانب رواں دواں ہے۔متحدہ سوشل فورم کے انچارج لونگ خان چنہ نے متحدہ سوشل فورم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے سماجی کارکنان، ڈاکٹرز، انجینئرز، شعراء اور فنکاروں کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## حق پرست عوام و کارکنان قمر جہاں کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔2،نومبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم اندرونِ سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ زاہدہ بیگم کی والدہ قمر جہاں کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ قمر جہاں کی مکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔

## معروف سینئر اداکارہ چکوری کے انتقال پر ایم کیوایم متحدہ سوشل فورم کے ارکان کا اظہارِ افسوس

کراچی۔۔۔2،نومبر2010ء

ایم کیوایم متحدہ سوشل فورم کے ارکان نے لاہور میں معروف سینئر اداکارہ چکوری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں متحدہ سوشل فورم کے ارکان نے مرحومہ کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبرجمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆